www.novelsclubb.com
دل کا دریا
از قلم ثمرین شاہ
www.novelsclubb.com
IG/FB: Novelsclubb

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری،ناولٹ،کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

دل کا دریا

از قلم

ثمرین شاہ

www.novelsclubb.com

جب بیل والے نے قسم کھالی کے وہ آج سونے والے کو اُٹھا کر ہی دم لیے گا تو ایسے کیسے ہو سکتا تھا کے سونے والا پُر سکون ہو کر گھوڑے بیچ کر سوتا، معید نے تکیہ سے منہ اُٹھایا اور بولا

"او آرہا ہوں مرن جوگے پتا نہیں کون سا خزانہ ہے جو کسی بھی حال میں گھر میں گھُسنا۔"

بیڈ سلپر پہن کر اس نے تیزی سے دروازہ کھولا اور سڑھیوں کے نیچے آیا بیل ایک بار پھر بجی تو چیخا

"او آرہا ہوں الو کے کان۔"

معید نے بھاگتے ہوئے دروازہ کھولا اور سامنے والے کو سخت سُست سنانے لگا تھا جب ایک بارش میں بھیگی تھر تھر کانپتی ہوئی لڑکی کو دیکھ کر اس نے اپنی زبان کو روکا کیونکہ یہ کوئی میلبیرون کی گوری نہیں تھی یہ کوئی شکل سے ایشن دیکھنے والی

www.novelsclubb.com

لڑکی تھی یقینن انڈین یا پاکستانی اور اس کے لیے حیرت کی بات تھی جو رات کے تین بجے تیز بارش میں اس کے گھر موجود تھے مئے کا دن تھا جہاں سردی کا سما شروع ہونے والا تھا آسٹریلیا کے علاوہ اس وقت پورے دُنیا میں موسمِ بہار آچُکی تھی اور اسٹریلین کے سویٹر پہنے والے دن آ گئے تھے

"آئیم سوسوری لیکن کیا میں آپ کے گھر اندر آسکتی ہوں ورنہ وہ لوگ مجھے مار دیں گئے۔"

وہ اُردو میں بولی is دفعہ

کیونکہ اسے معید دیکھنے میں پاکستانی لگا تھا

"رات کے تین بجے آپ کیا کر رہی ہے۔"

"دیکھیے پلیز میرے پاوں پہ چوٹ لگی ہے مجھے اپنی موت کی پرواہ نہیں ہے بس عزت کی خاطر آپ سے درخواست کر رہی ہوں پلیز پلیز آپ ایک پاکستانی ہونے کی ناطے میری مدد کردیں۔"

وہ اپنے ہاتھ جوڑتے ہوئے بولی معید پھونچکا گیا کیونکہ واقعی لڑکی کی حالت صحیح نہیں تھی ایک تو اس کے ہاتھ خون سے بھرے ہوئے تھے اوپر سے اس کی پینٹ گھٹنے کے سائڈ سے بھی رنگی ہوئی تھی معید کو ترس آیا وہ جلدی سے دروازہ پورا کھول کر بولا

"آئے اندر آئے۔"

وہ پیچھے ہوئے تو وہ لڑکھڑا کر اندر آئی اس نے دیوار کو ہاتھ لگانے لگی لیکن اریکیٹکٹ صاحب کہاں برداشت کرتے لاکھ ہمدردی ہی صحیح لیکن اتنی مہنگی دیوار پہ خون کے دبے اس نے فوراً اس کا ہاتھ پکڑ لیا وہ کرنٹ کھا کر پیچھے ہوئی آنکھوں میں وحشت تھی معید سمجھ گیا اس لیے بولا

"گھبرائے نہیں میں ایک شریف آدمی ہوں آپ کے خون سے دیوار گندی ہو جاتی ۔"

کمال کا صاف گو معید اب بھی باز نہیں آیا

"اائی ایئم سوری۔"

وہ شرمندگی سے بولی اور اپنا خون سے لت پت ہاتھ ہوڈی کی جیب میں ڈالا

"یہ کیا کررہی ہے آپ۔"

وہ اب تیزی سے بولا

"آپ کا کارپٹ خراب ہو جائے گا۔"

وہ معصومیت سے بولی معید کو ہنسی آئی وہ بھی کیا بول جاتا ہے

وہ اسے لیکر لائونج کے بجائے کچن میں لیے گیا اور وہ لنگراتے ہوئے آہستہ آہستہ کر

کے اس کے پیچھے آئی

معید نے تیزی سے سٹیل کی کُرسی کھینچی اور اس کے سامنے کی

"بیٹھیے آپ۔"

وہ مشکور نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے بیٹھی

وہ سیدھا کبرڈ کو کھولنے لگا اور وہ درد سے کہرا رہی تھی وہ اپنی پینٹ اوپر کر کے اپنا

www.novelsclubb.com

زخم دیکھنا چاہتی تھی لیکن وہ کسی اجنبی کے سامنے یہ نہیں کرنا چاہتی تھی اس لیے سر جھکائے بیٹھی رہی اللہ کا شُکر ہے کے گھر میں گھُس گئی ورنہ تو آج جو اس کے ساتھ ہوتا سوچتے ہی اس کا جسم کانپ چکا تھا جبکہ آنکھوں میں ایک بار پھر وحشت نے جگہ لے لی چہرہ پہ پسینے ایک بار پھر آ گیا اسے رونا نا جانے کیوں آ رہا تھا کاش وہ یہاں نہ آتی کاش وہ امی اور گھر والوں کی باتوں اور نظروں پہ کان اور آنکھ بند کر لیتی لیکن وہ بھی کیا کرتی مجبوری ایک ایسا لفظ ہے جو انسان کو باندھ دیتا ہے بالکل زنجیر کی طرح۔

وہ ایڈ باکس اُٹھا کر لایا اور گھٹنے کے بل بیٹھا تو وہ ہوش میں آئی

ایک دم اس نے ہاتھ پیچھے کیے

"آپ رہنے دیں، می میں خود کر لو گی۔"

وہ اس کی جھجک بھی سمجھ گیا تھا اس لیے کندھے اچکاتے ہوئے اس نے باکس بھی دیں دیا وہ بائے ہاتھ سے پکڑ کر اس کا شکریہ کہنے لگی اس کا جسم سردی اور درد کے

باعث جھٹکے کھا رہا تھا اسے تھوڑا خیال آیا کے کیوں نہ کوئی گرم چیز دیں دو

"میں ابھی آیا۔"

نیند تو اُڑ گئی تھی اس لیے کافی بنانے کا ارادہ کرنے سے پہلے سب سے پہلے اس کو اپنا جمپر دیں دے ورنہ جس طرح اس کی ہوڈی تھی بہت ہی پتلی سی اس سے صاف پتا چل رہا تھا اس کے پہننے کا کوئی فائدہ نہیں تھا

وہ کچن سے نکل کر سیدھا اوپر اپنے کمرے میں پہنچا اور کمرے کی طرف ڈریسنگ روم کے اندر داخل ہو کر اس نے کچھ تلاش کرنا چاہا جو اس چھوٹی سی بچی ٹائیپ لڑکی کو کچھ پورا آ جائے الماری کے پٹ کو تھامے اس کی پُر سوچ نظریں اپنی قمیتی کپڑوں پر تھی اس میں سے اچانک اس نے ایک بلیک جمبر کے ساتھ براون سویٹر نکالا اور اس کے ساتھ بلیو سوفٹ مٹریل سے بنا ہوا بجامہ نکال کر وہ نیچے کی طرف بڑھا دیکھا وہ گھٹنے کی طرف جھکی اینٹیسپیٹک لگا رہی تھی درد سے وہ سسک رہی تھی معید اسے دیکھنے لگا لائٹ بُراون بال بال جس پہ ہلکی سی گولڈن ہائیلیٹنگ ہوئی وی

تھی پونے میں باندھے اس کے لمبے بال منہ پہ آ رہے تھے صاف رنگت پہ تھیکے نقوش معید ایک منٹ کے لیے تو ٹھہر گیا تھا پھر سر جھٹک کر آ گئے بڑھا بس ٹھیک تھی ایسی بھی کوئی بات نہیں تھی

قدموں کی چاپ پر اس نے تیزی سے اپنی پینٹ نیچے کی پینٹ زخم پر لگنے سے اسے تکلیف ہوئی لیکن اس نے لب دبا لیے تا کہ اس کی آواز نہ نکلے

"ام یہ لے کپڑے آپ کے یہ گندے ہو چکے ہو گے اینڈ سامنے ہی گیسٹ روم ہے آپ وہاں جا سکتی ہیں شاور سے گرم پانی نکلتا ہے بیشک لیے لے آپ کے مرضی اور پھر آپ آرام سے سو جائے کل بات کریں گئے۔"

"پر میں۔"

وہ جھجھکی

"کیا؟"

"آپ کے گھر میں اور کوئی ہے؟۔"

وہ اس کی بات پہ مسکرایا

"جس طرح آپ نے بیل بجائی تھی اس طرح مردہ بھی اُٹھ کر آجاتا تو پھر تو میں انسان تھا میرے ساتھ باقی بھی موجود ہوتے لیکن ایسی کوئی بات نہیں میں اس گھر میں اکیلا رہتا ہوں۔"

اب اس نے دیکھا اس لڑکی کا چہرہ سفید ہو گیا

"آپ اکیلے۔"

"جی میں اکیلا لیکن آپ گھبرا کیوں رہی ہے میں بھوت تھوڑی ہوں۔"

وہ کپڑے اس کو دینے کے بجائے کاونٹر پہ رکھتے ہوئے بولا

"اکیلا مرد تو کسی بھوت سے کم نہیں ہوتا۔"

وہ خود سے کہتے ہوئے بولی آنکھوں میں بے بسی کے مارے نمی آگئی

"اینی ویز آپ لے اور بے فکر رہے آپ اس گھر میں محفوظ ہے بیشک روم لاک کر لے اگر آپ کو مسئلہ ہے۔"

اس نے سر ہلایا اور خاموشی سے اس کے کپڑے اُٹھائے اور لڑکھڑا کر چلنے لگی معید کی نظر اس کے ہاتھوں پہ پڑی جو بڑی ہے عجیب سی بینڈ تیج کی تھی

"ٹھہریے!۔"

زارا نے مڑ کر اسے دیکھا

"حد ہو گئی آپ اس سے اچھا بینڈج نہ ہی کرتی۔"

وہ جھنجھلا کر بولا اور اس کا بازو پکڑا زارا نے ہاتھ کھینچنا چاہا لیکن اس کی گرفت مضبوط تھی

"نہیں ٹھیک ہے آپ کو ایسے ہی غلط فہمی!۔"

"چُپ میرے بیڈ شیٹ خراب کریں گی آپ دیکھے اِدھر سے خون بہہ رہا کیا کر کے آئی تھی آپ اور وہ کون لوگ ہے۔"

وہ تو اس سے ایسے بات کر رہا تھا جیسے ان کے درمیان بہت دوستی ہوئی ہو اور فکر مند دوست کی طرف اس سے استفار کر رہا تھا وہ خاموش رہی البتہ اسے دیکھنے لگی جواب

www.novelsclubb.com

اس پٹی کو اُتار رہا تھا اعصاب کھینچے ہوئے تھے جیسے اسے بڑی ہے الجھن تھی کھڑی
ناک سیدھا اسے پوئنٹ کر رہی تھی کالے بال اس کے سونے کے باعث الجھے
ہویے تھے لیکن اچھے لگ رہے تھے وہ ایک چھ فٹ تین انچ کا خوبصورت مرد
آدھے نقش سے پاکستانی اور آدھے یہی کے رہنے والے نقوش لگ رہے تھے زارا
نے اسے دیکھنے کے بعد نظریں پھیر لی اور دل ہی دل میں آیت الکرسی پڑھنے لگی
کے اللہ اس کی خفاظت کرنا

"میں نے آپ سے کچھ پوچھا۔"

معید کی آواز پہ وہ چونکی اور اس کی طرف دیکھا جو بڑی ہی تیزی اور نفاست سے اس
کے ہاتھ پہ پٹی باندھ کر اب کینچی سے کاٹ کر اسے باندھ رہا تھا

"آپ نے کچھ کہا؟۔"

معید کے چہرے پہ مسکراہٹ بکھیر گئی اس بیقوف سے وہ کل ہی پوچھے ابھی اس کی
حالت ٹھیک نہیں لگ رہی تھی۔

"کچھ نہیں ہو گیا اب آپ جائے بلکہ رُکیے۔"

وہ اُٹھا اور الماری سے میڈسن باکس سے پین کلرز نکالے اور پانی کا گلاس فریج کے باہر گلاس سے پانی ڈال کر اس کی طرف آیا

"یہ لے پین ریلیف اس سے درد ٹھیک ہو جائے گا۔"

"آپ کا بہت بہت شُکریہ میں آپ کی بہت احسان مند ہوں۔"

وہ شرمندگی سے بولی

"بہر حال میں اوپر ہی ہوں اگر آپ کو کچھ بھی چاہیے آپ یہ دیوار کے ساتھ لگا بٹن دبا دیجیے گا امیر جینسی کے لیے لگوایا تھا میں آجاو گا اوپر آنے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو۔"

"پر۔"

"آپ کیا ہے ؟۔"

وہ بیزار دکھنے لگا زارا کو منہ بند کرنا پڑا الریڈی اس اجنبی کو تنگ کر چکی تھی وہ کمرے

میں لاک لگالی گا نا اب اس کے کمرے کی باہر چوکیداری تھوڑی کر سکتا تھا۔

"ٹھیک ہے آپ جائے۔"

"بڑی مہربانی۔"

وہ گہرا سانس لیتا ہوا مڑ گیا اور زارا بھی بڑھ گئ اس نے دیکھا وہ اوپر نہیں گیا اسے دیکھ کر کمرے کا اشارہ کرتا ہوا پھر چل پڑا

وہ سر کو خم دیتے ہوئے اندر آئی اور پھر شاور لینے کا ارادہ کرتی ہوئی بڑھی

🍂🍂🍂🍂🍂🍂🍂🍂🍂🍂🍂

وہ سویا ہوا تھا جب بیپ کی آواز سے وہ فورن اسے بند کرنے کے ارادے سے الارم کی طرف ہاتھ بڑھانے لگا لیکن یہ الارم کی بیپ نہیں بلکہ فون کی رنگ ٹیون تھی اسے بستر پہ ڈھونڈنے لگا جب نا ملا تو اسے لعنت بھیج کر دوبارہ تکیہ پہ منہ دیں دیا جب دوبارہ رنگ ٹیون بجنے لگی تو وہ سر پکڑ کر تیزی سے بستر سے اُٹھا کے کمبل اس کے پیر سے الجھا اور وہ ٹھا کر کے نیچے گرا

"گاڈ کیا منحوس دن ہے نہ رات کو چین نہ دن کو آرام اُف کہاں جاوں۔"

اس نے اپنا سر پکڑا اور اُٹھا دیکھا تو فون بھی اس کے ساتھ لیٹا ہوا تھا اس کو اُٹھا کر اس نے دیکھا لیزا کی کال تھی ناچارہ اسے اُٹھانا پڑا

"ہلیو۔"

وہ خاصی بدمزگی سے بولا

"معدی تم کہاں ہوں یونی آفس کیوں نہیں آئے۔"

"کیوں تمھارا ورکر ہوں جو پوچھ رہی ہو کے کیوں نہیں آیا۔"

جو معید آفندی کے نیند میں خلل ڈالتا تھا وہ اس کا قریبی سے قریبی انسان بھی دُشمن بن جاتا تھا

"طبیعت ٹھیک ہے بھول گئے ہو کس سے بات کر رہے ہو۔"

"ہاں انگریزوں سے بات کر رہا ہوں جس نے سالوں سے ہمارا جینا حرام کیا۔"

وہ اُردو میں بولا کیونکہ لیزا انگلینڈ سے تھی

"دیکھو اُردو میں میرے مت بُرائیاں کرو اور اتنی کیا تکلیف ہوئی میں بس پریشان ہو گئی تھی۔"

وہ بھی تیزی سے کہنے لگی

"کوئی ضرورت نہیں پریشان ہونے کی اُف ایک کم تھی جو تم نے میری نیند خراب کر رہی تھی نہیں آرہا آج آفس۔"

وہ کہتے ہوئے کھٹک سے فون بند کر چکا تھا لیزا اس کی گرل فرینڈ تھی اسے پتا تھا اب اسے منانے کے لیے ایک عدد شاپنگ جو لاکھوں پر مشتمل ہو کے ساتھ کینڈل لائٹ ڈنر پر ہی وہ مانے گی

"مجھے کیا بھاڑ میں جائے مجھ سے اتنے نخرے برداشت نہیں ہوتے۔"

ایک دفعہ معید صاحب کسی سے بیزار ہو جائے تو کوئی شخص ان کا دل ٹھیک کرنے پہ روک نہیں سکتا تھا لیکن سے پانچ دفعہ بریک آپ کے باوجود وہ پیچ آپ کر چکا تھا وجہ اس کی خوبصورتی اور بے اُنتہا پیسے کی تھی وہ ماڈل کے باوجود بھی معید کی خاطر

اس کی کمپنی میں کام کرتی تھی اور معید کو کیا اعتراض ہو نا تھا کام کرتے وقت بھی کمپنی آج پہلی دفعہ اسے لیز اسے مکمل بیزاری ہوئی تھی اس کا دل نہیں کر رہا تھا اس لمبے منہ والی لڑکی کی شکل دیکھنے کو

وہ مزید سونا چاہتا تھا لیکن اسے یاد آیا ایک لڑکی بھی اس گھر میں موجود ہے زرا اس کا بھی پتا کریں کہی چور و ور ہی نہ ہو وہ تیزی سے کمبل پھینک کر اُٹھا اور بال سنوار کر واش روم کی طرف بڑھا منہ دھو کر اور دانت برش کر وہ نکلا اور نیچے کی طرف بڑھا وہ نیچے آیا تو اس نے دیکھا خاموشی تھی یانی وہ اپنے کمرے سے باہر نہیں آئی تھی ،کمرے سے باہر نہیں آئی تھی یا ڈاکا ڈال کر فرار ہو گئی معید دی جمیز بونڈ بن کر دیوار کے پاس گیا اور اس سے چپک کر دروازے کے قریب آئے انھوں نے ہینڈل کھولنا چاہا اسی پل ہینڈل خود گھمایا گیا اور وہ باہر نکلی زارا معید کو ایک دم دیکھ کر گھبرا گئی اور چیخ گئی معید خود بھی بھونچکا کر پیچھے ہوا زارا پہلے تو اپنے دل پہ ہاتھ رکھ کر گہرے گہرے سانس لینے لگی پھر اس نے معید کو دیکھا تو اس کو دیکھ کر شرمندگی

ہوئی

"ایئم سوری مجھے لگا۔"

"توبہ ہے آپ چیختی ہے تو کوئی لگتا ہے بندہ اوپر اگا رہا ہو چیخ میں بھی سُر۔"

معید کے حیرت سے کہنے پر وہ خفت سے سُرخ پڑ گئی

"آپ کو کوئی کام تھا؟۔"

وہ اس کمرے کی طرف آنے کا مقصد پوچھنے لگی

"نہیں بس دیکھنا چارہا تھا آیا آپ مشکوک ہے یا مظلوم؟۔"

"دیکھیے ابھی بھی آپ مجھے اپنے گھر سے نکال سکتے ہیں لیکن وہ کمینہ شخص مجھے جیل بجھوادیں گا اس لیے جب تک مجھے اپنا پاسپورٹ نہیں مل جاتا مجھے کم سے کم ایک دن کے لیے رہنے دیں یا مجھے اس ایڈریس پہ

"او مس سپیڈی زرا بریک لگا دیں ورنہ ابھی اکسیڈنٹ ہو جانا ہے ایزی ایزی لیڈی میں تمھیں اپنے گھر سے نہیں نکال رہا او کے او کچن میں پھر مجھے آرام سے اپنی الف

لیلی سُنا لینا ٹھیک ہے۔"

معید نے اسے بولنے سے روک دیا تو زارا پُر سکون ہو گئی چلو کم سے کم نیک آدمی ہے۔ نیک ہے یا نیکی کی شکل میں ایک اور درندہ اُف ایک تو زارا کی چھٹی حس اسے غلط ٹائیم پہ غلط ہی بندے کو سگنل دیتی تھی۔

سکون کی جگہ زارا کے دل میں ڈر آگیا پہلے سوچا کے یہاں سے بھاگ جائے پھر ہوا اگر جیل میں گھس گئی تو پھر تو آسٹریلیا کی جیل کا تو اسے خوب پتا تھا اوپر سے اماں کو پتا چلا تو وہی اللہ کو پیاری اور اوپر سے کوئی اس کا اپنا بھی نہیں ہو گا اسے چھڑوانے

"میڈیم یہ مادام تُساد نہیں ہے نہ ہی آپ کوئی معروف شخصیت جس لوگ اپنے ساتھ کھڑے ہو کر تصویر بنائے گے تو سٹیچو نہ بنے اور جلدی سے لنگڑا کر آجائے

۔"

انتہائی سنجیدگی سے کہتا ہوا وہ زارا کو سوچ کے دُنیا سے نکالتے ہوئے بولا وہ معید کی ائیر وگنس پہ وہ بل کھا کر رہ گئی۔ پھر مجبوراً اُس کے دماغ نے سگنل دیا چلو پوری دُنیا

کو آزما لیا ہے اس کو بھی آزما لیتے ہیں۔

وہ اندر آئی تو وہ صاحب جی تو تیزی سے ناشتہ بنانے میں مصروف ہو چکے تھے توبہ اتنا سگھڑ مرد اور وہ بھی اتنے سلیقے اور تیزی سے کام تو شاید کسی عورت نے بھی ان کے ہاں نہ کیا ہو ایک تو اس کے ماموں زاد اتنے نکھٹو، کام چور اور یہ اتنے بڑے گھر میں رہنے والا خود بیشک باہر سب کام اپنے ہاتھ سے کرتے ہے پر یہ تو امیر بندہ ہے باہر اس کی چار کروڑ کی آسٹن مارٹن اور یہ والا بھی تو کروڑوں میں ہو گا واقی حنبل بندہ ہے۔

"ایسے کھڑے رہی گی یا کچھ کریں گی بھی چلے جلدی سے فریج سے دودھ نکالے اور وہ سامنے پڑا ہے کافی مشین اور کافی کا ڈبہ پہ ساتھ پڑا ویسے کافی تو بنانے آتی ہے نا آپ کو۔"

وہ تو ایسے مخاطب ہو رہا تھا جیسے وہ اس گھر کی کوئی فرد ہو اور اس حکم دیں رہا تھا یہ کام کر وہ اندر سے جھنجلا اُٹھی لیکن بولی

"جی مجھے بنانے آتی ہے۔"

"چلوں پھر میرے لیے کیپچینو اور اپنے لیے بیشک کوئی بھی بنا لینا۔"

ڈیمانڈز تو دیکھو اس کو جیسے وہ اس کی نوکر ہو وہ گھورتے ہوئے لڑکھڑا کر آگے چلنے

لگی تو معید نے آگے بڑھ کر ریموٹ اُٹھا کر فریج کے ساتھ ہی میوزک سسٹم سے

Michael Jackson کا billie Jean لگا دیا اور پھر جب اس کو

لنگڑتے ہوئے دیکھا جو کافی کی پاس دودھ پکڑ کر گئی تو اس کو بے انتہا ہنسی آئی اور اس

کا واقی قہقہ چھوٹ گیا وہ گھبرا کر مڑی

"کیا ہوا؟"

لیکن وہ قہقہ لگانے میں مصروف تھا

"اُف آج مائیکل سر زندہ ہوتے تو پتا ہے آنکھوں میں آنسو آجاتے آپ کا سٹیپ

دیکھ کر پھر پتا ہے کیا ہوتا۔"

"کیا ہوتا۔"

اسے سمجھ نہیں آئی وہ بول کیا رہا ہے پھر بھی اس کا جواب دیا

"پھر انھوں نے دوبارہ مر جانا تھاہاہاہا۔"

"ایسا کیا ہوا ہے مجھے کیوں دیکھ۔"

پھر اسے ساری بات سمجھ آئی یہ لڑکا کچھ حد سے زیادہ آروگنٹ اور بدتمیز تھا وہ اگر پاکستان میں ہوتی تو اسفی کی طرح اس کی بھی دُرگت بنادیتی لیکن خاموش رہی ایک تو یہ اجنبی امیر سٹرزن تھا دوسرا اس نے اس کی مدد کی تھی چُپ کر کے غصے کا گھونٹ پی کر بنانے لگی

تب تک وہ بہت تیزی سے ٹیبل سیٹ کر چکا تھا معید کی بلی ایبی خوبصورت بلیو آنکھوں والی لیکن تھی سیاہ کالی مافق وہ بھی معید کی طرح شاہانہ انداز میں نیند پوری کر کے کچن میں اپنے ناشتے کے لیے آئی معید ایک سائڈ ٹیبل سیٹ کر رہا تھا اور وہ معید کو ڈھونڈتی زارا کے پاس آگئی اور جیسے ہی وہ زارا کی ٹانگوں سے گزری اور پھر ایسا ہوا جیسے ایٹم بم پھٹ چکا ہو زارا چیختی ہوے کاونٹر کے اوپر چھلانگ لگائی اور اس

کالے بلے کو دیکھ کر اور دماغ معاوف ہو گیا ایک تو بلی اوپر سے کالی جن جیسی زارا کو نفرت تھی بلیوں سے اور خاص ڈر بھی بلی شور سے اور اوپر اچھلا تو زارا نے سیدھا چینی دان اسے مارنے لگی جو بلی کو تو نہیں سیدھا تیزی سے آنے والے معید کو لگی جو ابھی کو پکڑنے لگا تھا معید کو وہ جار سیدھا آنکھوں پر لگا تو وہ چکرا اُٹھا

"بگھائیں اسے کالی بلا کو۔"

زارا کو معید کے بجائے اپنی پروا تھی اس لیے مزید دیوار کے ساتھ چپکتی ہوئی بولی

معید نے اپنی آنکھ پکڑیں اور خنخوار نظروں سے اس لڑکی کو دیکھا اُٹھا اور سامنے پڑا لمبے سے آئینے والی الماری میں دیکھا تو شاکڈ میں چلا گیا ستیاناس جائے اس لڑکی کا جس نے اس خوبصورت نشیلی آنکھوں کی گرد سیاہی ہی کر دی

"یہ کیا کیا تم نے وومن۔"

"پہلے اس کرم جلی کو بگھائیں۔"

وہ دیکھ کر رہی تھی جواب پُر سکون انداز میں اپنی کیٹ واک میں لگی ہوئی تھی معید

نے غصے سے بازو پکڑ کر کھینچا وہ درد سے کہرا اُٹھی اور گرنے لگی معید نے اسے پکڑا

"یہ کیا کیا تم نے اور چیخنے کی کیا ضرورت تھی۔"

پہلے وہ اس کی کالی سوجی آنکھ کو دیکھنے لگی واقی بیچارے کو زیادہ لگ گئی تھی

"وہ بلی چپک گئی تھی۔"

وہ کمزور آواز میں بولی

"تو کیا بلی نے تم جیسی پانچ فٹ چار انچ افلاطون کو نگل لینا تھا کیا؟ اتنا سا منہ ہے

بیچاری کا تم تو قتل کرنے کے درپہ دیں آپ میں ایسے منہ کو لیکر کہاں جاوں گا اُف

آج کا دن ہی منحوس ہے۔"

وہ اس کا بازو چھوڑ کر پھر اپنی بیچاری معصوم آنکھوں کا جائزہ لینے لگا

"یہ آپ کی سزا ہے اور یہ سزا اللہ تعالی نے دیں ہے میرا مزاق اُڑانے کی۔"

وہ تو شروع سے ہی منہ پھٹ تھی کہاں چُپ رہنے والی تھی

"اچھا احسان فراموش عورت ایک تو تم جیسی ڈان کو گھر میں جگہ دیں اوپر سے

کپڑے دیں وہ بھی ہزار پہ مشتمل کپڑے پھر اپنا کمرہ اور اب ناشتہ کروا رہا ہوں اور زبان دیکھو اور اپنی حرکتیں۔"

زارا کا تو ضبط جواب دیں گیا

"میں ڈان نہیں ہو اور نہ میں نے جان بوجھ کر کیا ہے یہ سب وہ آپ کی کرم جلی ۔"

"پہلی بات خبردار اس کو کرم جلی کہا وہ میری ابی ہے۔"

"نام آپ کو اس کی شکل دیکھ کر رکھنا چاہیے تھا۔"

"پولیس صحیح تمھاری پیچھے لگی ہوئی ہے ایک نمبر کی ریسسٹ ہو۔"

"استغفار اللہ کیڑے پڑے آپ کو کیا اوّل فُول بُک رہے ہیں۔"

وہ تو غلط ہی سمجھ بیٹھی جبھی سُرخ چہرہ لیے چیخ ہی پڑی اور معید کو دل کیا اس لڑکی کو اٹھا زور سے زمین پہ پٹکھے

"جاہل لڑکی racist جس کا مطلب ہے نسل پرست۔"

معید اپنی اردو سے امپریس ہو گیا چلو وہ پُرانے ملازمہ کام آئی جنھوں نے اُردو میں ایم اے کیا تھا اور اس کو بھی اپنے لفظ سمجھانے لگی

"تو اس طرح بولے نا اُف آپ نے میرے ہاتھوں سے پھر خون نکال دیا کہاں پھنس گئی ہو میں

وہ تو اپنے ہاتھوں سے نکلتے خون کو دیکھ کر بے بسی سے رو پڑی تو وہ اور پریشان ہو گیا

"او بی ویسے پکی پاکستانی ہی لگ رہی ہے آپ جو لڑنے کے بعد ہار مانتا ہوا دیکھ کر رونے لگ جاتی ہے اِدھر آئے دیں اپنا کاکو والا کا تھا۔"

وہ اس کو روتا ہوا دیکھ کر نرم پڑ گیا اور اس کا سفیدی مائل چھوٹا سا ہاتھ پکڑ کر ٹیبل کی طرف آیا جہاں ناشتہ ٹھنڈا ہو چکا تھا دو پلیٹ میں پڑا چکن اینڈ اوملیٹ سینڈویچ کے ساتھ دو گلاس اورنج کے جوس تھا

"اچھا اب بینڈیج کر رہا ہوں ساری تفصیل بتاؤ کیا ہو کہاں سے آئی ہو مائی سیلف والے سٹائل سے سُنا دینا ٹھیک ہے۔"

"میں گلِ زارا ہوں میں ایک لڑکی ہوں اتنا کافی ہے۔"

وہ خفگی سے بولی

وہ ہنس پڑا

"اچھا آپ لڑکی میں تو سمجھا آپ وہ ہے؟۔"

"وہ کیا؟۔"

"خیر کچھ نہیں اب بولے۔"

****

وہ اپنے ماں باپ کی اکلوتی بیٹی تھی اس سے دو سال بڑا اس کا ایک بھائی تھا، خوشحال گھرانا تھا گلِ زارا اپنے ماں باپ کی خاصی لاڈلی تھی اور پڑھائی کا بھی کوئی اتنا خاص شوق بھی نہیں تھا اس لیے بڑی ہی مشکلوں سے اس نے ایف اے کیا اور پھر پڑھائی کو خیر باد کہہ دیا جبکہ اس کے بر عکس اس کا بھائی کو پڑھائی کا حد سے زیادہ جنون تھا اس لیے اس نے وکالت میں گھس گیا، اس کی ماں چاہتی تھی یہ بھی مزید پڑھ لے

لیکن اسے ناولوں سے فہرست ملتی تو سب سوچتی اس کا تو ایک خواب تھا بس ناولز میں ہیرو جیسا ہوتا ہے ویسے ہی مل جائے امیر خوبصورت بڑی بڑی آنکھوں والا اور خاص کر نیلی آنکھوں والا بس اتنی سی معصوم خواہش تھی اس کی لیکن ریلیسٹک ماں باپ کو تھوڑی سمجھ آنا تھا اس کے رشتے ڈھونڈنے شروع کر دیں ایک تو مڈل کلاس تھی دوسری بس خوش شکل تعلیم کو تو اس نے ٹاٹا بائی کر دیا تو رشتے بھی تو عام سے آنے تھے اور آجکل کے زمانے میں تو اِکا دُکا آنے بھی غنیمت تھے اور جب زارا کو رشتوں کو پتا چلا کے کس قسم کے رشتے آ رہے تھے تو وہ تو ہتھے سے اکھڑ گئی

"اماں اب میرے لیے اس قسم کے رشتے آئے گے شکل دیکھی ہے اس سلیم میاں کی کہی سے بھی شہزداں سلیم نہیں لگتا۔"

"تو تم کون سا انارکلی ہو۔"

اماں کو اس کے تبصرے پہ ناگواری ہوئی

"انارکلی سے زیادہ ہی خوبصورت ہو اماں اچھا میں نہیں کرنے والی۔"

"کیوں نہیں کرنے والا اچھا خاصا خوش شکل اور دیکھا بھالا لڑکا ہے اوپر سے اس کی اپنی بیٹری کی دُکان ہے اکلوتا بھی ہے اور دو بہنیں ویسے بھی اپنے گھر کی ہو گی۔"

"وہ سانولے رنگ کا موچھر سلیم میاں بیٹری والا آپ کو خوش شکل لگتا ہے۔"

"توصاف رنگت پا کر بہت اکڑنے لگی مشکلوں سے ایف اے پاس کیا ہوا ہے اپنے بھائی کی طرح زیادہ پڑھنے لگتی تو ہمیں اعتراض نہ ہوتا۔"

ماں کی بات سُن کر وہ باپ کے پاس گئی اور ابا بھی اس بار اماں سے متفق تھے یہ بات سُنتے ہی زارا کا منہ کھل گیا پھر اس نے پڑھائی مزید جاری رکھنے کا فیصلہ کیا حسیب اس کا بڑا بھائی ہنس پڑا جے جس طرح اس نے نمبر لیے ہیں کوئی عام سے یونی ورسٹی بھی نہ اسے چُنے بدلے میں زارا نے حسیب کی ایک کیس سڈڈی کے نوٹس گھما دیے بدلے میں حسیب اس کے کمرے میں دانداناتا ہوا آیا

"میرے رحمان والے کیس کے نوٹس کہاں ہے۔"

ابھی وہ یارم میں علیان کا دھکڑا پڑھ رہی تھی جب اس کا بھائی اپنا دُھکڑا سامنے لے آیا

"کون سے نوٹس بھائی؟۔"

"زارا بنو مت چلو نوٹس دو میرے شاباش منڈے کو میری پر سنٹیشن ہے۔"

"ابھی تو منگل ہے اتوار کو دیں دوں گی تب تک اس منحوس امرحہ کو پڑھو توبہ کتنی ظالم ہے بیچارا عالیان۔"

"اب یہ عالیان ٹپک پڑا بہت پہلے وہ کون سا تھا کردار؟۔"

"اگر تم ہاشم کی بات کر رہے تو ہاں وہ ابھی بھی پہلا پیار ہے ہائے کیا وکیل تھا لیکن تمھیں اور تمھارے دوستوں کو دیکھ کر وکیلوں کی سارے امیج خراب کر دیں ہے ویسے کیا ایک بھی نہیں وہی سنبھالنے والا جو لاکھ کے سوٹ میں ملبوس اور پچاس ہزار کے ہیر کٹ میں لوگوں کو مار دینے والا ہائے۔"

وہ ہاتھ میں عالیان کی ہمدردی کو بھول کر اب ہاشم کو سوچ رہی تھی

"ہاں ایک ہے بشیر کردار وہ بچے سنبھالتا اپنے تو ملواوں۔"

"فٹے منہ تمھارے اب شکل گُم کرو ہاشم کے خلاف بولنے والے مجھے سخت زہر

لگتے ہیں۔"

"ہاشم کی بچی !۔"

حسیب دانت پیستے ہوئے بولا

زارا تو تڑپ اُٹھی

"ہائے میرے کان کیوں نہیں پھٹ گئے نکل جاو حسیب اس سے پہلے تمھارا قتل

کر دوں۔"

وہ بُک چھوڑ کر اسے دھکا دینے لگی

"پہلے نوٹس دیں موٹی۔"

"بھینگے نہیں دو گی نوٹس نکل آیا بڑا ہاشم کے خلاف بولنے والا۔"

"چل اللہ تمھیں قاتل آئی مین وہ سنبھالنے والا کردار بھائی دیں چلو نوٹس دوں۔"

زارا نے اسے گھورا

"پہلے ایک شرط !۔"

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"وہ کیا؟"

"ابا اماں کو کہو مجھے شادی نہیں کرنی اس سلیم میاں سے۔"

"شادی بھی نہیں کرنی اور میاں بھی کہہ رہی ہو لڑکی دماغ تو سیٹ ہے۔"

حسیب نے اپنی پھسلتی ہوئی عینک اوپر کی

"فضول مت بولو اچھا سنو ابا امی کو کہہ دو نا وہ کتنا کو جا ہے اوپر سے ٹو مچ غریب۔"

"تو تم کون سی پرنسس ڈیائنہ جو تمھیں چارلز ضروری ہے ملے۔"

"ان کو چھوڑوں طلاق موت دوسری شادی یہ کوئی محبت ہوئی بھلا۔"

اسی طرح بعث معباحثے میں جیت زارا کی ہوئی اور اس نے حسیب کو قائل کر دیا لیکن حسیب نے یہ کہا تھا کے وہ پڑھائی کریں گی تو دل سے کریں گی اس کا آڈمیشن اس کی شوق کے بنا پر گرافکس ڈیزائنگ میں ہو گیا چونکہ کام کمپیوٹر پہ تھا اور زیادہ مغزماری نہیں کرنی تھی اس لیے وہ تو خوش ہو گئی اور امی ابا بھی خاموش ہو گئے اسے طرح زارا کو تین مہینے ہو گئے۔ حسیب اتنے دنوں بعد واپس آیا اور ابا امی سے کوئی

بات کی جس پہ وہ ہتھے سے اکھڑ گئے زارا کو تو نہیں پتا چلا تھا وہ تو رات کو ابا کی ڈانٹ سی بھری آواز پہ جو وجدان مصطفی کے غم میں ڈوبی ہوئی تھی فورن تیزی سے نکلی اور حُسیب کھڑا ان سے بات کر رہا تھا

"ابا وہ جج کی بیٹی ہے اس میں میرا ہی فائدہ ہے۔"

"بیٹا وہ اچھے خاندان کے لوگ نہیں ہے تم نے خود اخبار میں اس لڑکی کی ماں کا کیس دیکھا ہے اور وہ لڑکی بھی ٹھیک نہیں۔"

"ابو پلیز ثنا کے خلاف میں ایک لفظ نہیں سُنو گا آپ لوگوں کو میں کارڈ بجھوا دوں گا آنا تو آئے نہیں آنا تو میرا اور آپ کا رشتہ ختم۔"

زارا نے منہ پہ ہاتھ رکھا وہ تو اس کا بھائی نہیں لگ رہا تھا اتنا بے حس یہ غیر لڑکی کی محبت کی خاطر انسان اتنا بے حس ہو جاتا ہے کے اپنے پیٹ کاٹ کر کھلانے والے اپنی جان قربان دینے والے ماں باپ کا بھی نہیں سوچتا غصے کی لہر زارا کے اندر دوڑی وہ سیدھا بھاگتے ہوئے حسیب کے کمرے میں گئی

"حسیب کان کھول کر سُن لو میری بات اگر تم یہاں سے گئے تو خدا کی قسم میں اس ثناٹنا چہرہ نوچ دوں گی تمھیں زرا بھی لحاظ نہیں ہوا ابا کا پتھر کے ہو گئے "زارا تم اس وقت دفع ہو جاو یہاں سے یہ نہ ہو میرا ہاتھ اُٹھ جائے۔"

اب زارا ساکت ہو گئی کیا معاملہ اتنا بگڑ گیا کے اس کا جان لُٹا دینے والا بھائی اب اس پہ ہاتھ اُٹھانے کی بات کر رہا ہے آنکھوں میں نمی آئی اور اس پہ لعنت بھیج کر باہر آئی تو ابا اور اماں بالکل خاموش بیٹھے زارا سے ان کی خاموشی برداشت نہ ہوئی تو سیدھا ان کے پاس آئی اور گھٹنے کے بل بیٹھ کر ان کی گود میں سر رکھ دیا ابا چونکے

"چھوڑیں اس گدھے کو عقل جب آئی گی نا تب آپ کے پیر پکڑ کے معافی مانگیں گے اور اگر نہ عقل آئی تو اس کے اندر رہ کر خون کے آنسو رہے گا۔"

"اللہ نہ کریں کیسی بد فال منہ سے نکال رہی ہو۔"

ماں تو تڑپ اُٹھی اور ابا مسکرا پڑے

" صحیح تو کہہ رہی ہو آپ لوگوں کو تکلیف دیں کر کبھی خوش رہ سکتا ہے۔"

اس طرح حُسیب ان سے ناراض لاہور چلا گیا زارا کو بڑا غصہ آیا اسی طرح مہینے گزر گئے اور پتا چلا وہ شادی کر چکا ہے اور ہنی مون منانے اسے کی پیسے پہ دوبئ گیا زارا کو پتا چلا تو سو گالیاں نوازی اگر جا بھی رہا تھا تو پوچھ بھی لیتا کے بہن تم نے بھی دیکھنا ہے دوبئ منحوس! اس کا ایک رشتہ آیا تھا وہ انکار کرنا چاہتی تھی کیونکہ اس بار بھی اس کے معیار کا نہیں آیا تھا

"امی آپ ایسے لوگوں کو سریس کیوں لیتی ہے۔"

وہ مالٹے کے ساتھ بڑی ہی حسرت زدہ نظروں سے فواد خان کو ٹی وی پہ دیکھ رہی تھی جو اپنی ہیرون کے ساتھ رومینٹک ڈائیلوگ مار رہا تھا

"امی ایسا داماد کیوں نہیں آتا سلیم، ممتاز توبہ نام بھی دیکھو ان کے۔"

"پہلے آئینے میں جا کر اپنی شکل دیکھو!۔"

امی کرڑیلے کاٹ رہی تھی جب وہ جل کر بولی

"امی پورے محلے میں میری جیسی سکن میری جیسی ڈریسنگ ہو تو بتائیں گا ابھی

خالا پروین کی بیٹی کی شادی میں نے وہ بلیو لمبی سے فراک کے ساتھ اوپر بالوں کا جوڑا بنایا تھا اور خالی سادھے سے جھمکے پہنے تھے نا تو ساری لڑکیاں مجھے کہہ رہی تھی ماہرہ خان لگ رہی ہو لیکس سائٹل آوارڈ والی۔"

وہ اترا کر مالٹے کے چھلکے پلیٹ میں رکھ کر اُٹھی اور امی تو باقئدہ پریشان ہو گئی اس لڑکی کا کیا ہو گا

🍂🍂🍂🍂🍂🍂🍂🍂🍂🍂

"یہ تمھاری کہانی ہے یا پورا ناول شارٹ فورم میں بتائیں محترمہ آپ کے ساتھ ہوا کیا تھا۔"

www.novelsclubb.com

معید نے جوس کا سپ لیتے ہوئے اس کو تقریباً چیختے ہوئے ٹوکا

"دیکھیں اگر میں آپ کو ایک بات حرف با حرف نہیں بتاو گی تو سٹوری آپ کو زیادہ سمجھ میں نہیں آئی گی۔"

"سٹوری میں مجھے آپ کی نالائقی، ریسسیم، بے انتہا خوبصورت کا نشس ناولز کی

دیوانی کے علاوہ آپ کے ساتھ کیا غم ہے۔"

وہ اپنا سر پیٹ رہا تھا اس لڑکی کی مدد کر کے

"یہ بتانا ضروری تھا ورنہ آپ میرا غم نہیں سمجھ سکتے تو پھر یہ ہوا۔"

وہ سینڈیوچ سے لطف اندوز ہوتے ہوئے بولی

بھاگ جا معید اس سے پہلے یہ لڑکی تیرا سارا دن برباد کر دیں وہ دماغ میں سوچتے ہوئے وہ جلدی سے اُٹھا

"میں چلتا ہوں میرا کچھ کام ہے ابی اِدھر آو کم ٹوڈیڈی۔"

اس کا یہ کہنا غزب ہو گیا اور وہ جو اپنی دستان سُنا رہی تھی اچانک وہ چیر کے اوپر چڑھ گئی

"دور پھینکے اس کرم جلی کو ابی سیدھا بھاگتے ہوئے معید کے پاس آئی اپنی نیلی آنکھیں زارا کے سامنے کر کے زارا نے چھڑی اُٹھا کر اس وار کرنے لگی معید نے اس کا بازو پکڑا

بلی کو چھوڑا اور جو زارا کرسی سے گرنے والی تھی معید نے اس پکڑ لیا

زارا نے اس کے کندھے کو پکڑ لیا اور آنکھیں زور سے بھینچ لی جبکہ معید ایک دم

رُک کر اس کا چہرہ دیکھنے لگا تو ایک سکینڈ کے لیے ٹھہر گیا لیکن یہ ایک سکینڈ ہی تھا

کیونکہ نا تو یہ فینٹسی تھی نا ہی کوئی مووی اس لیے اس کو چھوڑ کر بولا

"خبردار میری ابی کو قتل کرنے کی کوشش کی پولیس کو بلواوں گا اب سیدھے

سیدھے بتائیں اور پھر اب تک تو وہ پولیس بھی یہاں سے گزر گئی ہوگی برائے

مہربانی یہاں سے تشریف لیے جائے۔

زارا سے اپنی بے عزتی برداشت نہیں ہوئی خونخوار نظروں سے اس کرم جلی کو

ایسے دیکھا جیسے اس کی سوکن ہو

"ٹھیک ہے بہت شکریہ آپ کا آپ کو پیسے اور کپڑے بجھوا دوں گی اور اس کرم جلی

کا کوفن بھی۔"

وہ جل کر کہتی لنگڑا کر چلنے لگی

"توبہ توبہ کیسے میری جان کے لیے فضول بات کر رہی ہے۔"

"توبہ توبہ لوگ اب بلیوں تک کو بھی جان جانوں کہنے لگے قیامت کی نیشانیاں۔"

وہ تیزی سے بڑبڑاتی وہ جانے لگی جب ابی کو اس کی بات پسند نہ آئی تبھی اس کے سامنے گزری اور وہ ایک بار چیخی

زارا کو سیٹل کر کے وہ میسن کی کال پر سیدھا وہ ایکشن رومز کیفے پہنچا فل حال اس نے زارا کو نہیں نکالا ایک تو اس کی گھٹنے اور ہاتھ دوسرا وہ اس کی بیوقوفی دیکھ چکا تھا اس نے باہر نکل کر لازمی پکڑ جانا تھا اتنی تو وہ انسانی ہمدردی رکھتا تھا اس سے اپنے دوستی کے گروپ پر نظر پڑتی ہی وہ اپنی کوٹ کے کالر ٹھیک کرتے ہوئے اندر بڑھا میسن اور علورد نے دیکھ لیا تو اس کی طرف بڑھے ہی تھے کے اس کی نشیلی آنکھوں کے گرد سیاہی دیکھ کر وہ ہنسنے شروع ہو گئے معید نے دانت کچاۓ

"اپنے بتیسی اندر کرو ورنہ میں نے ایک بھی نہیں چھوڑنے۔"

"کسی مائی کو چھیڑا تھا تو نے۔"

علورد نے ہسنی کو پھر بھی بریک نہیں لگایا

"کون سی چک نے تمھارا یہ حال کیا ہے۔"

معید کو زارا کے لیے میسن کے یہ الفاظ زرا بھی نہیں پسند آئے حالانکہ اسے کیا پتا

کون زارا یہ اسے کیا ہو رہا ہے۔

"بس سڑھیوں سے گر گیا تھا۔"

یہ ایسی کون سی سیڑھی تھی جو صرف تیری نشے کرتی ہوئی آنکھوں پہ ہی جا کر لگی

"۔

وہ پھر کہتے ہوئے باز نہ آئے

"دفع ہو تم دونوں جا رہا ہوں۔"

"اچھا رک رُک اب اصل بات بتانا ہمیں پتا ہے تجھے کچھ پتا ہے۔"

معید میسن اور علورد ہائی سکول سے بیسٹ فرینڈ تھے معید جب پندرہ سال کا تھا تو

اس کی ممی نے کسی ریچ بلینئر گورے سے شادی کرلی اس کی ممی خود کر سچن تھی تو اسے کون سے پروا تھی ممی ویسے بھی اس کے باپ سے نہیں اس کی دولت سے پیار کرتی تھی اگر اس کے باپ سے کرتی تو مزید دولت کے پیچھے نہ بھاگتی اور معید کے ساتھ ہی اس کے باپ کی جائیداد پہ اپنی زندگی گزارتی لیکن چونکہ ان کو ساتھی کے ساتھ جائیداد اپنے نام کرنے کا شوق تھا لیکن معید کے والد نے ساری پراپرٹی معید کے نام رکھی معید اس ماحول کے رہنے کے باوجود اسے اکیلے رہنے کی بہت تکلیف ہوئی تھی مغرب میں پلنے والے لڑکے میں مشرق کے بھی رنگ تھے جان بوجھ کر بے حسی کا لبادہ اوڑھ کر وہ اپنی زندگی بھرپور انجوائی کرنے کی کوشش کرتا

سکولر شپ لیتے لیتے اس کی پڑھائی پر کوئی خرچہ نہیں ہوا اور آرکیٹیکچر کی لائن میں گھس کر اس وقت میلبورن کا ٹاپ ٹین آرکیٹیکچرز میں آچکا ہے اور ایک آئیڈیل لائف گزار رہا ہے لیکن نا جانے کیوں اس کو اپنی یہ لائف بے رنگ سی لگ رہی تھی جو اچانک زارا کے ایک دن آنے سے وہ پریشان ہونے کے باوجود کچھ محسوس

کر رہا تھا جو دل کو نا جانے کیوں عجیب احساس سے دو چار کر رہا تھا

※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※

وہ اس کے صوفے پہ بیٹھی ابھی ابھی اس کے فریج سے میلک شیک نکال کر ٹی وی آن کر کے پی رہی تھی لیکن وہ ٹی وی کو غور نہیں کر رہی تھی جہاں وہ ماضی میں چلے گئی جہاں سے خبر آئی تھی کے حسیب اور اس کی بیوی ٹرپ کی واپسی سے پلین میں آ رہے تھے کے اچانک موسم کی خرابی کی باعث پلین کنٹرول میں نہ رہا اور کریش کی صورت میں فلائٹ میں موجود سارے پسینجر جاں بحق ہو گئے یہ بات زارا کی فیملی سمیت کو اندر تک توڑ دیا زارا کو یقین نہیں آ رہا تھا اس کا بھائی اچانک ان کی زندگی سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ناراض ہو کر چلا جائے گا ابا تو یہ صدمہ برداشت نہ کر سکے اور وہ بھی اپنے بیٹے کے پاس اس کی میت کے دفنانے کے ایک ہفتے پاس اس کے پاس پہنچ گئے اب زارا کے عصاب ہی جنجھوڑ چکے تھے اسے سمجھ نہیں آئی تھی

صرف ایک ہفتے ایک ہفتے میں اس کی پوری دُنیا الٹ ہو گئی تھی اب وہ اور امی اکیلے کیسے اس دُنیا کا مقابلہ کریں گی اب وہ ماضی میں کھوئی وی تھی کے اچانک بیل ہوئی وہ اچھل پڑی شُکر کے میلک شیک صحیح سلامت رہا بیل دوبارہ ہوئی پھر کوئی اچانک دروازہ کھول کر اندر آیا اسے لگا منھوس آدھے گھنٹے میں آگیا ہے لیکن جب ہیل کی آواز پہ اس نے دیکھا کوئی ریڈ ڈریس اور ریڈ کوٹ میں ملبوس کوئی لمبے منہ والی لڑکی تھی

اسے عجیب نظروں سے دیکھ رہی تھی اور جب بولی تو کاٹ دار لہجے میں بولی

"تم کون ہو اور یہ معید کے کپڑوں میں کیا کر رہی ہو۔"

زارا نے بھی اس کا جائزہ لیا تو وہ تیزی سے بولی

"میلک شیک پی رہی ہو۔"

اس کی اس جواب کی توقع نہیں تھی لیکن لائیزا سمجھی وہ طنز کر رہی تھی

"تم کون ہو اور میرے بوئی فرینڈ کے گھر اور کپڑے میں کیا کر رہی ہو۔"

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

زارا کو اچھو لگا جسے اس نے منہ پہ ہاتھ رکھا اس شخص کا ٹیسٹ کتنا خراب ہے چاہیے

وہ جانور پہ ہو یا لڑکی پہ

"او تو تم پلاسٹک فیس اس کی گرل فرینڈ ہو۔"

وہ منہ کھولے اس کو دیکھنے لگی جو کھلکھلا کر ہنس رہی تھی

"شٹ آپ! دیکھو جو کوئی بھی ہو یہاں سے فورن نکلو ابھی اس معید سے پوچھتی ہو

مجھے چھوڑ کر دوسرے پہ منہ مارنے لگا۔"

یہ بات زارا کو آگ لگا دیں

"یو شٹ آپ! پہلے شکل تو دیکھو اپنی بندریاں وہ باندر تو بیزار ہو گا ہی لیکن میں اس

کی کوئی تمھاری طرح گرل فرینڈ نہیں ہو۔"

"کون ہو پھر؟۔"

وہ چیخ ہے پڑی

"ابھی بتاو گی معید مجھے پولیس کی دھمکی دینے والے۔"

"میں اس کی بیوی ہو کل ہی معید نے مجھ سے شادی کر کی۔"

جو دماغ میں آیا اس نے بول ڈالا اور لائیزا کا منہ پہ ہاتھ گیا

"جیسز!"

※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※ ※

معید اپنے دستان ختم کر کے کافی کا سپ لے رہا تھا کڑوی کافی اپنے اندر اتارتا بالکل

چُپ ہو گیا

"تو اس ڈان کو اپنے گھر کیوں رکھا۔"

"سوچ رہا ہو پولیس کے حوالے کر دوں پھر اس سے ہمدردی محسوس ہوتی ہے اب

بتاؤ میں کرو تو کیا کرو۔"

"تو نے اس سے پوری سٹوری کیوں نہیں سُنی۔"

"آدھے گھنٹے کی سٹوری میں وہ اُردو کے ناولوں فواد خان کی دیوانی، کام چور اور

ریسسیم کے علاوہ مجھے اس کے بارے میں کچھ نہیں پتا چلا اب بتاؤ میں اپنا سر خالی

www.novelsclubb.com

کر وا آتا۔"

"اوہو تو ٹینشن نہ لے کچھ سوچتے چل تھوڑا اور سپ لے۔"

علورد کو کٹیل پیتے ہوئے بولا

اچانک اس کا فون بجا تو اس کے چہرے پہ مزید بیزاری آگئی

"اس کا کیا کروں میں یہ کب پیچھا چھوڑے گی۔"

لائیزا کا نمبر دیکھ کر اس نے فورن کال کاٹی

"بیٹا یہ تو ایلفی ہے اتنی آسانی سے نہیں پیچھا چھوڑنے والی۔"

"اُف آج کل ستارے گردش میں لگ رہے ہے جبھی دن خراب ہے۔"

"ایک ہی دن میں ستاروں میں گردش واہ معید۔"

میسن نے اس کے کندھے پہ ہاتھ مارا

"اُف اُٹھا لے یہ نہ ہو تیرے سر پہ آ پہنچے۔"

اس نے ناچار اُٹھا لیا

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"ہلیو!"

"تم نے شادی کرلی۔"

معید کو سمجھ نہیں آئی وہ کیا کہہ رہی ہے

"میں کچھ پوچھ رہی ہو معید۔"

"یہ کیا کہہ رہی ہو۔"

"جھوٹ مت بولنا ورنہ میں تمھارا سر گنجا کر دوں گی تم نے شادی کرلی ہے۔"

"میں نے بھلا کس سے تم کہاں ہو اور یہ کس نے بکواس کی ہے۔"

معید کا دماغ پہلے سے خراب تھا مزید اور خراب ہو گیا

"میں اس وقت تمھارے گھر پہ موجود ہو اور تمھاری بیوی تمھارے ہی کپڑوں میں

مجھے باوار کروا رہی ہے اور مجھے گھر سے نکال رہی ہے۔"

اور معید نے غصے سے ہاتھ ٹیبل پہ مارا

"میں اس کو چھوڑو گا نہیں۔"

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وہ تیزی سے اُٹھا اور اس کے دوست ارے ارے کرتے رہے

⁜⁜⁜⁜⁜⁜⁜⁜⁜⁜⁜⁜⁜⁜⁜⁜

"اب کھڑی کیا ہو میرا شوہر تمھیں دھکے دیکر نکالے گا۔"

زارا نے اُترا کر کہتے ہوئے مالکانہ لہجے میں کہا

"تم کو بتاوں گی میں۔"

"ہاں بتائیں میں سُن رہی ہو۔"

اچانک معید صاحب گھر کے اندر داخل ہوئے اور زارا کو بیٹھے ہوئے جبکہ لائیزا کو کھڑے چکر کاٹتے ہوئے دیکھا

www.novelsclubb.com

زارا نے مڑ کر معید کو دیکھا جو اسے نہیں لائیزا کو دیکھا

"آ گیا اس ڈول کا رومیو۔"

لائیزا نے معید کو دیکھا اور اس پر چھپٹی "ہاو کڈ یو ڈو دس ٹو می میں دو دن چھٹیوں میں کیا گئی تم نے شادی کر کی۔"

زارا کو ہنسی آئی اور معید نے اسے خونخوار نظروں سے دیکھا اب بتاتا ہے اس کو

"یا لائیزا آئیم سوری میں نے شادی کر لی۔"

معید کو صفائی پیش کرنے کے بجائے اس کے جھوٹ پہ تائید کرنے پہ جھٹکا لگا اور وہ

منہ کھولے معید کو دیکھنے لگی جواب اس کو سبق سکھانے والا تھا..

زارا کا منہ کھل گیا وہ اس جواب کا توقع ہر گز نہیں کر رہی تھی وہ تو اس سے دو ہاتھ

آگئے گیا۔

"دیکھو لائیزا میں نے ہمیشہ دوست مانا لیکن میں نے محبت زارا سے کی ہے آئی مین

میری بیوی کو دیکھو کتنی خوبصورت ہے۔"

زارا کا چہرہ لال پتا نہیں شرم سے ہوا تھا یا غصے سے

لیکن یہ تو بہت کمینہ نکلا

"اس عام سی شکل میں کیا جو تم نے مجھ جیسی کو ریجیکیٹ کیا۔" لائیزا رونے لگی معید

نے مصنوعی گھوری دکھائی ورنہ ہنسی بڑی آرہی تھی ایک تو زارا کی حالت بھی بڑی مزے دینے والی تھی

"لائیزا تم میرے گھر میں میری وائف کو ایسے نہیں کہہ سکتی۔"

وہ بولتا ہوا زارا کی طرف بڑھا زارا کو لگا اب یہ اپنا ڈرامہ کو اگلے لیول پہ لیکر جائے گا وہ چلنے لگی جب معید نے اس کے کمر میں اپنے بازو ڈالے اور اپنے ساتھ لگایا

"دیکھو کتنی خوبصورت ہے میں تو اس کو دیکھتے ہی پہلی نظر میں دیوانہ ہو گیا خود پہ اختیار نہ رکھ سکا تو شادی کی آفر کر ڈالی اب مجھ جیسے ہینڈسم کو کون انکار کرتا بھلا اس لیے تم بھی کوئی اچھا سا پارٹنر ڈھونڈو اور خوش رہو۔"

زارا کا دماغ ماوف ہو گیا چہرہ لٹھے کے مانند سفید ہو گیا اس نے ہاتھ ہٹانا چاہا لیکن گرفت مزید مضبوط ہو گئی اسے لگا جو کل اس ہو گئی. تھ واقع ہو گا آج بھی یہی ہو گا۔

اس نے آہستہ سے بولا

"معید پلیز مجھے چھوڑو!۔"

www.novelsclubb.com

وہ کانپتے لہجے میں بولی

معید پیچھے ہو کر زارا کو اپنے گھیرے میں لیے گیا اور اپنے گال اس کے ساتھ مس کیے تب تو لگا وہ وہی بے ہوش کر گر جائے گی وہ ہٹنے لگی تب وہ اور جڑتا گیا

"اب جاؤ بھی ہماری وائف ہم سے ناراض ہے میں اس کو زرا مناؤں گا۔"

وہ اس انگلش میں لعنت بھیج کر چلی گئ معید فورن اس سے الگ ہوا اور زارا نے غصے سے مڑی اور ایک تھپڑ مارنے والی تھی کے معید نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا

"تھپڑ مارنے سے پہلے سوچ لینا یہ تمھارا ہی عمل نامہ ہے میرے گھر میں رہو گی اور مجھے ہی پھنساو گی ایسے تو نہیں چلے گا میں نے تمھاری مدد کی اور تم میرے لیے مشکل بنا رہے تھے۔"

آنسو زارا کی آنکھوں میں سیلاب کی طرح آئے معید اور جھلا گیا

"رونے سے میں نرم نہیں پڑ جاو گا اس لیے اپنے کپڑے بدلو اور جاو یہاں سے میری طرف سے تمھیں پولیس سٹیشن میں عمر قید ہو جائیں یا پھانسی ہو جائے آئی

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ڈونٹ کیر بہت کر لے تم جیسے چوروں کی مدد۔"

" صحیح کہہ رہے ہو مجھے اس درندہ صفت دُنیا میں رہنا ہی نہیں چاہیے اس سے ہزار گناہ محفوظ میں پولیس سٹیشن یا قبر میں رہو گی جہاں نہ ڈر ہو گا نہ فکر ہو گی بس آپ آزاد نہیں ہو گے اگر یہ آزادی رشتے احساس میری عزت نگل لیتی ہے تو بھاڑ میں جائے ایسی دُنیا ایسی دولت ایسی آزادی۔"

اس کے لہجے میں گہرا کرب تھا اور چہرے بالکل سپاٹ

معید کو ایک دم کچھ ہوا یہ کیا کہہ رہی ہے۔

"اور مجھے پولیس اس بات پہ پکڑ رہی ہے کیونکہ میں نے دو الیگل کام کیے ہے جو مجھ جیسے بیوقوف زہن کو خود نہیں معلوم تھے اور جب معلوم ہوئے تو یہاں سے بھاگ آئی تھی مجھ خود سے گھن ہو رہی تھی کے زارا تم ایسے کام کر سکتی ہوں خیر آپ کے کپڑے آپ کو واپس کرتی ہو تب تک آپ پولیس کو کال کریں۔"

وہ جانے لگی جب معید نے اس کا ہاتھ پکڑ کر روکا اس نے ہاتھ نکالنا چاہا لیکن معید

نے گرفت مضبوط کرلی

"بتاو کیا ہوا تھا مجھے پتا ہے تم اپنے اس جولی والے روپ میں اپنا درد چھپا رہی ہو میں بھی کوئی بچہ نہیں ہوں اُنیتس سالا مرد ہوں اتنی تو دنیا میں نے دیکھ رکھی اور جو میرے ساتھ ہوا مجھے لوگوں کے احساسات کا ان کے چہرے پڑھ لیتا ہوا گر تم واقی چور یا ڈان یا جو بھی ہوتی تو کیا میں تمھیں اندر آنے دیتا کیا میں تمھیں اتنا بیوقوف لگتا کے ایک تو اس لڑکی کو اپنے کپڑے گھر میں جگہ ناشتہ ایکسکیٹر ا دیتا جو ایک مجرم ہوتی , نہیں ! کیونکہ مجھے معلوم ہے تم ایسی نہیں ہو اب بولو ہو سکتا میں تمھاری مدد کر سکتا ہوں۔"

www.novelsclubb.com

وہ مڑی اور معید نے اسے صوفے پہ بیٹھنے کا اشارہ کیا

****

ابا اور حسیب کو گزرے ڈھائی سال ہو گئے اور وہ اماں کے کہنے پر مجبوراً انھیں اس کی نانی کے گھر جانا پڑا جہاں اس کے ماموں رہتے ہیں ماموں تو خوش تھے ان کو اپنے

ساتھ رکھنے پر لیکن ممانی اور ان کے بچے کچھ خاص نہیں خوش ہوئے تھے اور یہ چیز زارا نے بہت محسوس کی تھی اماں تو بس ہاتھ میں تسبی اور اپنے نمازیں تو یل کر کے اللہ کی ہو کر رہ گئی اس لیے اتنا محسوس نہیں ہوا وہ زارا کے آنے جانے پر پڑھائی کرنے پہ اور کبھی کبھار ایسی ہی فارغ بیٹھنے پہ خار کھانے لگے پہلے تو چُپ تھے لیکن اب ان کی زبانیں بھی خوب چلنے لگی جو زارا کی برداشت سے باہر تھی اس لیے شام کو اس کی کلاسس ہوتی تو صبح وہ کسی سکول میں انٹرویو دیں کر بچوں کو کمپیوٹر پڑھانے لگی

جس سے وہ اپنا اور اماں کا خرچہ اُٹھانے لگی ماموں کو اس کی نوکری سے اعتراض تھا لیکن اس نے دبے لفظوں میں بتا دیا کے مامی اور بچوں کو نہیں پسند آپ کے پیسوں پر پلنا اور ویسے بھی امی کی زمہ داری اس پر زیادہ ہے۔ماموں آ گئے سے کہا کہتے زیادہ زور بھی نہیں دیں سکتے وہ ایک دن پڑھا رہی تھی جب کلاس ختم ہونے کے بعد اس کی ایک سٹوڈنٹ اس کے پاس آئی

اور بولی

"مس میرے چاچو آپ سے ملنا چاہتے ہیں۔"

زارا جو اپنے کلاس میں ہی بیٹھ کر کاپی چیک کرنے لگی کیونکہ بریک کے بعد بھی اسی کی کلاس تھی وہ ایک دم ایک کاپی چیک کرتے ہوئے چونکی اور بولی

"کیوں دعا؟ خیریت ہے آپ کو میں صحیح نہیں پڑھا رہی۔"

جتنا بھی وہ زمہ دار اور سمجھدار بن گئی تھی لیکن ابھی بھی اس کے اندر سادگی اور بھولا پن تھا

"نہیں مس وہ تو آپ کی بہت تعریف کرتے ہیں کے آپ اتنا اچھا کمپیوٹر پڑھاتی ہے اور اوپریٹ بھی کتنا اچھا آتا ہے جب میں نے انھیں بتایا کے آپ تھری ڈی ڈیزائنز اور ویب سائٹس بھی بنا لیتی تو انہوں نے کہا کے وہ آپ سے ملنا چاہیے گے۔"

"او! پر ان کو مجھ سے کیا کام۔"

"آج چاچو مجھے لینے آئے گے تو آپ ان سے مل لیجیے گا۔"

وہ بیچاری سمجھی اس کوئی اور نوکری مل جائے گی پیسے بھی اچھے خاصے مل جائے گے

اس لیے وہ راضی ہو گئی

وہ بعد میں بھول گئی اور گھر کی لیے نکلنے لگی جب دعا کی آواز آئی

"مس مس آپ کہاں جارہی ہماری گاڑی تو یہاں ہے۔"

وہ کہتے ہوئے اس کے پاس آئی اور زارا مڑی تو اس نے دیکھا اس کے چاچو کھڑے

ہوئے تھے بلیک سوٹ اور بلیک ہونڈا میں وہ کوئی خوش شکل آدمی تھا وہ چلتا ہوا اس

کے پاس آیا

"آپ ہے گلِ زارا دعا کی کمپیوٹر کی ٹیچر۔"

گلِ زارا نے سر اثبات میں ہلایا

"اور میں نے سُنا آپ گرافک ڈیزائنگ پڑھ رہی ہے۔"

"جی سر آپ کو کوئی کام تھا۔"

"تھینک گاڈ مجھے کوئی تو ملا آپ کیا مجھے ایک اچھی سی ویب سائٹ کا ڈیمو دیں سکتی

ہے یہ رہا میرا کارڈ اینڈ ایمیل ایڈرس مجھے کوشش کیجیے کے آپ چار دن میں دیں

دے مجھے اپنے کام کے لیے بہت ضرورت ہے اگر مجھے آپ کا کام پسند آیا میں

چاہوں آپ میری آسٹریلیا کی کمپنی کے لیے کام کریں۔"

زارا ایک دم شاک ہو گئی آسٹریلیا کی کمپنی کی نوکری۔

****

میں نے چار دن میں کیا دو دن کے اندر ویب سائٹ بنا کر بھیج دی اماں کو بتائیں بغیر

جب تک کچھ فائنل نہیں ہو جاتا میں ایسے منہ اُٹھا کر تو نہیں کہہ سکتی تھی اماں مجھے

نوکری مل جائے گی اگر نہ ملتی تو امی نے میرا مزاق بنانا تھا اس لیے چُپ کر کے کام

میں لگی رہی اور ایک اچھے سے دو قسم کے ویب سائٹ بنا کر انھیں ایمیل کر دیں اور

پورے پندرہ منٹ بعد ان کا رئیپلائی آگیا انھیں میرا کام پسند آیا مجھے ان کی اتنی
